## سلمان تاثیر کو پنجاب کے گورنر کے منصب پر فائز ہونے پر الطاف حسین کی مبارکباد
## امید ہے سلمان تاثیر گورنر پنجاب کی حیثیت سے صوبے کی حکومت، اپوزیشن اور تمام سیاسی گروپوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز سیاسی شخصیت سلمان تاثیر کو پنجاب کے گورنر کے منصب پر فائز ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ سلمان تاثیر گورنر پنجاب کی حیثیت سے صوبے کی حکومت، اپوزیشن اور تمام سیاسی گروپوں کو ساتھ لیکر چلیں گے اور وفاق کے نمائندے کی حیثیت سے صوبے کے تمام عوام اور سیاسی اکائیوں کے ساتھ مساوی سلوک کریں گے۔

## مردان میں بم دھماکہ کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔18 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مردان میں بم دھماکہ اور اس کے نتیجے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس واقع کی شدید مذمت کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ انسانی زندگیوں سے کھیلنے والے مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے مستحق بھی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ایسے گھناؤنے عمل کررہے ہیں دراصل وہ امن اور ملک دشمن ہیں اور ایسے واقعات کا تسلسل کے ساتھ رونماء ہونا ملک میں انارکی اور امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ مرادن میں ہونے والے بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس واقع میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔ جناب الطاف حسین دھماکہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ انہوں نے دھماکہ میں زخمی ہونے والے افراد کیلئے جلد و مکمل صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## شعبہ خواتین نیو کراچی سیکٹر کی کارکن عقیلہ خاتون کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین نیو کراچی سیکٹر کی کارکن محترمہ عقیلہ خاتون کے حرکت قلب اچانک بند ہوجانے کے باعث انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکن آپ کے غم میں شریک ہیں اور دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ عقیلہ خاتون کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ ( آمین )

## ایم کیوایم شعبہ خواتین نیو کراچی سیکٹر کی کارکن عقیلہ حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کرگئیں

کراچی۔۔۔18 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نیو کراچی سیکٹر کی کارکن محترمہ عقیلہ باجی اتوار کی صبح دل کا دورہ پڑنے سے اچانک انتقال کرگئیں (اناللہ واناالیہ راجعون) مرحومہ کی عمر 50 سال تھی اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین والہانہ عقیدت ومحبت رکھتی تھی اور تحریکی کاموں میں سرگرمی سے حصہ لیتی مرحومہ عقیلہ خاتون کے سوگواران میں بیٹی، داما اور بھائی شامل ہیں۔ دریں اثناء مرحومہ عقیلہ خاتون کو آج بعد نماز ظہر نیو کراچی کے مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلر، نیو کراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مزید برآں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور شعبہ خواتین کی مرکزی ذمہ داران نے بھی محترمہ عقیلہ باجی کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کے صبر وجمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## پولینڈ کے سفیر اور قونصل جنرل کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔18 مئی 2008ء

پولینڈ کے سفیر ڈاکٹر کرزائسٹوف ڈیبنکی (Dr Krzysztof Debnicki) اور کراچی میں متعینہ قونصل جنرل آئر نیوز میکلس (Mr.Ireneusz Makles) اور قونصل بگ نائیز ومرسکی (Zbigniew Wyszomirski) نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز المعروف نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی ۔ملاقات میں پاک پولینڈ تعلقات اور باہمی رابطوں سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری، حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور صوبائی وزیر عسکری تقوی بھی موجود تھے۔ پولینڈ کے سفیر نے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے ترقیاتی کاموں کی تعریف کی اور کراچی کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کراچی میں مزید ترقی خوشحالی میں اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے پولینڈ کے سفیر اور قونصل جنرل اور کی نائن زیرو آمد پر ان کا خیر مقدم کیا اور کراچی کی ترقی میں تعاون کی یقین دہانی پر ایم کیوایم کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا۔

## رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم تیزی سے صحتیاب ہو رہے ہیں
## پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، صوبائی وزراء اور دیگر نے مقامی اسپتال جا کر انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔18 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج اور رکن سندھ اسمبلی انور عالم کی حالت تیزی سے بہتر ہو رہی ہے، تاہم ڈاکٹر زنے ابھی انور عالم کو مکمل آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔انور عالم پر چند روز قبل فالج کا اٹیک ہوا تھا اور وہ کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، منتخب نمائندوں اور مختلف شخصیات نے عیادت کی۔تفصیلات کے مطابق سندھ اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما محترمہ شہلا رضا، پیپلز پارٹی کے رہنما راشد ربانی، صوبائی مشیر ذوالفقار قائمخانی، ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، رکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیر عادل صدیقی، رکن رابطہ کمیٹی وحق پرت سینیٹر بابر خان غوری، نیشنل ری کنسٹریشن بیورو کے چیئر مین ڈاکٹر عاصم، صوبائی وزیر عسکری تقوی اور معروف گلوکار خالد عمر نے انور عالم کی عیادت کی اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا جبکہ اختر چنگاروالا نے بھی انور عالم کو صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اپنی جانب سے انہیں گلدستہ بھجوایا۔

## آزاد کشمیر حکومت انتقامی کارروائی پر اتر آئی، ضلع نیلم میں ایم کیوایم کے کارکنان کی گرفتاری قابل مذمت ہے، طاہر کھوکھر

مظفر آباد۔۔۔18 مئی 2008ء

ایم کیوایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے ضلع نیلم میں متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان کی بلاجواز گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت آزاد کشمیر کے اقدام کو غیر قانونی اور کھلی انتقامی کارروائی قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی حکومت ایم کیوایم کو آزاد کشمیر میں سیاسی سرگرمیاں نہیں کرنے دے رہی ہے اور سوچی سمجھی سازش کے تحت ایم کیوایم کے کارکنان کو مشتعل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ محاذ کے کارکنوں نے عوامی مسائل کے حل کیلئے پرامن احتجاج کیا جن کا ایم کیوایم کے کارکنوں بھی اظہار یکجہتی کیلئے بھرپور ساتھ دیا جس پر پولیس نے پرامن متاثرین پر لاٹھی چارج کر کے انہیں شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس میں ایم کیوایم ضلع آرگنائزر عبدالقیوب خان سمیت چار کارکنان بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ پولیس نے ان زخمیوں سمیت ایم کیوایم کے 7 کارکنوں کو گرفتار کر رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ گرفتار ہونے والوں میں عبدالقیوم خان، چوہدری لطیف، ستار محمد، محمد شفیع، محمد جمیل، شرافت دین، محمد حسین شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں خود بھی کارکنوں سے یکجہتی کیلئے ضلع نیلم گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جس طرح ایم کیوایم کے کارکنوں کو کام کرنے سے روکا جا رہا ہے ضلع نیلم میں پرامن احتجاج میں تمام سیاسی جماعتوں کے کارکن شامل تھے مگر پولیس نے صرف ایم کیوایم کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے حکومت آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے گرفتار ضلع آرگنائزر سمیت چاروں کارکنوں کو فی الفور رہا جائے اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے خلاف انتقامی کارروائیاں بند کی جائیں۔

## دادوزونل کمیٹی کے انچارج مرتضٰی سومرو کے صاحبزادے مزمل علی کی تدفین دادو میں ہوئی، حق پرست نمائندوں اور تنظیمی ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔18مئی2008ء

ایم کیوایم دادوزون کے زونل انچارج مرتضٰی سومرو کے صاحبزادے مزمل علی مرحوم کودادو کے غریب شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ سکراور پوردادوسومرومحلّہ میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اورتدفین میں وزیر اعلٰی کے معاون خصوصی غلام حیدرراہو،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان،دادوزونل کمیٹی کے اراکین،علاقائی سیکٹرز ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورمزمل علی مرحوم کےعزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تمام ذمہ داروں نے مرتضٰی سومرو سے انکےصاحبزادے کےانتقال پرتعزیت کی۔

☆☆☆☆☆